SY 613

Reg. No. : ..............................

Name : ..................................

# SECOND YEAR HIGHER SECONDARY MODEL EXAMINATION, FEBRUARY 2025

## Part – II

## URDU

## Maximum : 80 Scores

Time : 2½ Hours
Cool-off Time : 15 Minutes

***General Instructions to Candidates :***

- *There is a 'Cool off time' of 15 minutes in addition to the writing time.*
- *You are neither allowed to write your answers nor to discuss anything with others during the 'Cool off time'.*
- *Use the 'Cool off time' to get familiar with questions and to plan your answers.*
- *Read questions carefully before answering.*

**Score**

**(7×1=7)**

**1 سے 8 تک کے سوالوں میں سے کسی 7 کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھئے:**

1. "گیان پیٹھ" ایوارڈ یافتہ کسی ایک اُردو شاعر کا نام لکھئے۔

2. غزل کے کونسے شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے؟

3. فاعل اور مفعول الگ لکھئے۔

آن سلیون نے ہیلن کیلر کو پیار دیا۔

4. نظم 'آہ اماں' کا شاعر کون ہے؟ لکھئے۔

5. اسکرین پلے 'مرزا غالب' کے کسی ایک کردار کا نام لکھئے۔

Score

6. 'بانگِ درا' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

7. اُردو کے کسی ایک سفر نامہ نگار کا نام لکھئے۔

8. آپ کے پسند کے کسی ایک رُباعی گو شاعر کا نام لکھئے۔

9 سے 13 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم سے کم دو جملوں میں لکھئے : (4×2=8)

9. رُباعی ایک اہم صنفِ سخن ہے۔ رُباعی کی اور کوئی دو خصوصیات لکھئے۔

10. فلم 'مغلِ اعظم' میں سے آپ کا پسندیدہ ایک مکالمہ لکھئے۔

11. نیچے دیئے گئے جملوں میں سے فعل حال چُن کر لکھئے۔

ماں بچے کو کھلاتی ہے

سارے بچے کل اسکول آئیں گے

HSSLiVE.IN®

12. دو گروہوں میں الگ کر کے لکھئے۔

(غالب بری ہرن پنچ ادھاس شہریار)

13. افسانہ 'بوڑھی کاکی' کے کسی دو کرداروں کے نام لکھئے۔

14 سے 19 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم سے کم چار جملوں میں لکھئے : (5×4=20)

14. ذیل کے شعر کے ذریعے شاعر کیا کہنا چاہتے ہیں؟ لکھئے۔

اک باز کی ہم پر مسلسل نظر رہتی ہے

تاکتا رہتا ہے وہ

آسمان کی وسعتوں سے

**Score**

15. سبق 'مسافر ہوں یارو' میں رضا علی عابدی نے دلّی کے سائیکل رکشاوالوں کی حالت کس طرح بتائی ہے؟ لکھیے۔

16. فرض کیجیے کہ آپ کے اسکول میں ضلع اسکول میلہ (District School Festival) چل رہا ہے۔ اس کے متعلق ایک اخباری رپورٹ اشاروں کی مدد سے تیار کیجیے۔

اشارے :

اسکول کا نام: جی ایچ ایس کوتم

افتتاح : وزیرِ تعلیم

تاریخ : ________

پروگرام : ________

شرکت : ________

HSSLiVE.IN®

17. اُردو زبان میں تعلیم حاصل کرنے سے کیا کیا فائدے ہوتے ہیں؟ لکھیے۔

18. ذیل کی رُباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

مذہب کی زبان پر ہے نکوئی کا پیام
حسنِ عمل اور راست گوئی کا پیام
مذہب کے نام پر لڑائی کیسی
مذہب دیتا ہے صلح جوئی کا پیام

19. "ایک دروازہ بند ہو تو دوسرا دروازہ خود بخود کھل جائے گا"۔ ہیلن کیلر کی زندگی کے مدِ نظر اس قول کی وضاحت کیجیے۔

Score

(4×6=24)

20 سے 24 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم سے کم چھ جملوں میں لکھئے :

20. خانہ 'ا' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔

| ا | ب |
|---|---|
| شاعرِ مشرق | زہرہ مسرورؔ |
| رُباعی | پریم چند |
| وہ تو کوئی اور ہے | سیّد محمد سرورؔ |
| بوڑھی کاکی | میر انیس |
| آہ اماں | رضا علی عابدی |
| مسافر ہوں یارو | علاّمہ اقبالؔ |

21. نیچے دیئے گئے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھئے۔

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

HSSLiVE.IN®

22. آج کل بوڑھے لوگ بہت سے مسائل کا سامنا کرتے ہیں۔ ان کے وجوہات اور حل بیان کیجئے۔

23. پسندیدہ کسی ایک غزل گو شاعر پر مختصر نوٹ لکھئے۔

24. 'غزل اُردو شاعری کی آبرو ہے' غزل کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ مختصرًا لکھئے۔

(3×7=21)

25 سے 28 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم سے کم سات جملوں میں لکھئے :

25. 'ہر سفر ایک تجربہ ہوتا ہے'۔ آپ نے بھی کئی سفر کئے ہوں گے۔ کسی ایک سفر کا تجربہ بیان کیجئے۔

26. افسانہ 'بوڑھی کاکی' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

27. "میں اُردو کا شاعر ہوں میر صاحب۔ کسی ایک شہر کا نہیں"۔ غالبؔ کے بارے میں آپ کے خیالات لکھئے۔

28. فلم 'مغلِ اعظم' میں کونسا کردار آپ کو زیادہ پسند ہے؟ اس کے بارے میں اظہارِ خیال کیجئے۔